**24/04/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائینز**

***.......وزیر اعظم نے دہشت گرد وں اور ان کی پشت پناہی کرنے والو ں کو سخت سزا دلانے کا دُہرایا عزم۔**

***........ سرینگر میں ابھرتی صورتحال کے پس منظر میں کل جماعتی میٹنگ کا انعقاد۔**

***.......پہلگام دہشت گرد حملے کی بڑے پیمانے پر مذمت کا سلسلہ جاری ۔**

**اور**

***.......لیفٹنٹ گورنرنے ادھمپور میں دہشت گردی مخالف آپریشن کے دوران جان بحق فوجی جوان کو کیا خراج عقیدت پیش ۔**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت ہر ایک دہشت گرد اور ان کی پشت پناہی کرنے والوں کی نشاندہی کرکے انہیں سخت سے سخت سزا دے گا ۔**

**بہار کے مدھوبنی ضلع میں قومی پنچایتی راج دن کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں یکجہتی کا اظہارکرنے کیلئے پوری دنیا اور عالمی لیڈروں کا شکریہ ادا کیا۔**

**میٹنگ**

**سرینگر میں وزیر اعلیٰ SKICC پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ کے حملے پس منظر میں آج عمر عبداللہ کی صدارت میں ایک کل جماعتی میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے دوران ایک قرار داد پاس**

کی گئی جس میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی گئی اور متاثرین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔

قرار داد میں مزید کہا گیا کہ حکومت قصور واروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کےلئے اپنا بھر پور تعاون دے گی۔ قرار داد میں ان حملوں کے تناظر میں مرکزی سرکار کی طرف سے کئے گئے تمام اقدامات کی توثیق کی گئی ۔بعد میں پریس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

اُدھر پہلگام حملے کے تناظر میں نئی دلی کے پارلیمنٹ ہاوس کمپلیکس میں بھی اس وقت ایک کل جماعتی میٹنگ جا ری جس کی صدارت وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کر رہے ہیں۔

تاریگامی مذمت

CPIM کے لیڈر محمدیوسف تاریگامی نے بھی ان حملوں کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیاہے۔

مظفر شاہ

عوامی نیشنل کانفرنس کی طرف سے آج، پہلگام حملے کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی۔اس موقعے پر پارٹی کے لیڈر مظفر حسین شاہ نے کہا۔

PDPمذمت

PDP لیڈر التجا مفتی نے آج اننت ناگ کا دورہ کرکے وہاں حالیہ دہشت گردانہ حملے میں زخمی افراد کی عیادت کی ۔

میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے سیاحوں پر ہوئے حملے کی سخت الفاظ مینمذمت کی۔

بشیر مذمت

ویلی فروٹ گرورس ایسو سی ایشن کم ڈیلرس یونین کے چیرمین بشیر احمد بشیر نے پہلگام حملے کی مذمت کی ہے ۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریناآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

سیاسی لیڈر مذمت1

پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد ملک کے مختلف حصوں میں کشمیری طلباءاور تاجروں کو مبینہ طور ہراساں کئے جانے کے معاملات سامنے آنے کے بعد وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور دیگر سیاسی لیڈروں نے کشمیریونکی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے ۔

میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہاہے کہ جموں کشمیر حکومت مختلف ریاستوں کی حکومتوں کے رابطے مینہیں ۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی ملک کی مختلف ریاستوں میں کشمیریونکو مبینہ طور نشانہ بنانے کے واقعا ت پر شدید برہمی اور تشویش کا اظہار کیا ہے ۔

پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ انہوں نے وزیرداخلہ امت شاہ کے ساتھ بات کرکے، انہیں کشمیری طلباءاور تاجرونکے خلاف دھمکیوں کے معاملے میں مداخلت کرنے کی اپیل کی ۔

ست شرما

بھارتیہ جنتا پارٹی کی طرف سے آج سرینگر میں ایک شردھان جلی سبھا کا انعقاد کیا گیا جس میں پہلگام میں مارے گئے افراد کو خراج عقیدت ادا کیا گیا۔ اس تقریب میں بی جے پی کے صدر ست شرما، اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول، ممبر پارلیمنٹ غلام علی کھٹانہ اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

سیاسی لیڈر مذمت2

پیپلز کانفرنس کے چیرمین سجاد غنی لون اور اپنی پارٹی کے صدر الطاف بخاری نے بھی الگ الگ بیانات میں مرکزی سرکار سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک بھر میں کشمیریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے اور اس طرح کے واقعات کو روکنے کیلئے موثر اقدامات کریں۔

ہیلپ لائن

پہلگام حملے کے بعد ملک کی مختلف ریاستوں میں زیر تعلیم کشمیری طلباءاور تاجروں کو ہراساں کئے جانے کی خبروں کے بعد نئی دلی میں قائم جموں و کشمیر کے ریزیڈنٹ کمیشن نے کچھ ہیلپ لائنز جاری کر دی ہیں، جن کے ساتھ ضرورت پڑنے پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

ہیلپ لائن نمبرات ہیں۔

**7303620090**

**9682389265**

**9419158581**

اور

**01126112022**

سیاح ہیلپ لائن

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے بھی سرینگرمیں سیاحوں کی سہولیت کیلئے 24گھنٹے کام کرنے والے کچھ ہیلپ لائن نمبر ات جاری کئے ہیں ۔ یہ نمبرات ہیں۔

**8899931010**

اور

**8899941010**

اس کے علاوہ مختلف سیاحتی مقامات اور اضلاع میں بھی اسی طرح کی ہیلپ لائنز قائم کی گئی ہیں۔

سیاح

پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی یہاں موجود سیاحوں نے بھی مذمت کی ہے تاہم ان سیاحوں نے کشمیر کی مہمان نوازی اور انسان دوستی کے جذبے کی تعریف کی ہے۔

یہ سیاح بلا کسی خوف و خطر کے سیاحتی مقامات کی سیر کر رہے ہیں۔ کئی ایک سیاحوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

انعام

جموں کشمیر پولیس نے کہا ہے کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے میں لشکر طیبہ سے وابستہ پاکستان کا ہاشم موسیٰ عرف سلیمان ، اور علی بھائی عرف طلحہ نیز اننت ناگ کا عادل حسین ٹھوکر ملوث ہیں ۔

پولیس نے ان دہشت گردوں کی جانکاری دینے والوں کیلئے بیس بیس لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیاہے۔

**وزارت خارجہ**

بھارت نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں پاکستانی شہریوں کے ویزے فوری طور سے معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت کی طرف سے پاکستانی شہریوں کے حق میں جا ری کئے گئے تمام ویلڈ ویزاؤں کو اس مہینے کے27تاریخ سے منسوخ مانا جائے گا۔

وزارت نے کہا ہے کہ پاکستان کے شہریوں کو جا ری کئے گئے میڈیکل ویزا صرف اس مہینے کی 29تاریخ تک ویلڈ ہونگے۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ بھارت میں موجود تمام پاکستانی شہریوں کو ان تاریخوں سے پہلے ملک چھوڑنا ہو گا۔

وزارت خارجہ نے بھارتی شہریوں کو بھی صلاح دی ہے کہ وہ پاکستان کا سفر نہ کریں جبکہ اس وقت پاکستان میں موجود بھارتی شہریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ جلد از جلد واپس بھارت لوٹ آئیں۔

**وحید جیلانی**

جمونو کشمیر پرفارمنگ آرٹسٹ فیڈریشن سرینگر کی طرف سے آج ٹائیگور ہال سرینگر میں پہلگام میں حالیہ دہشت گرد حملے کے خلاف پُر امن احتجاج کیا گیا۔

وادی کے ایک نامور گلو کار اور موسیقار اُستاد وحید جیلانی نے بعد میں آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**ایل جی خراج**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ادھمپور میں دہشت گردی مخالف آپریشن کے دوران جان بحق ہوئے فوجی جوان حولدار جھنتو علی شیخ کو خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

ایک بیان میں ایل جی نے کہا کہ اس فوجی جوان کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوننے کہاکہ پوری قوم دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار کنبے کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے۔

بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی اور فوج کے تمام افسروں نے بھی حوالدار جھنتو علی شیخ کی بہادری اور قربانی کو سلام پیش کیا ہے۔

فوجی سربراہ

دریں اثناءفوجی سربراہ جنرل اوپیندر دویدی کل سرینگر کا دورہ کر کے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد پیدا شدہ سلامتی صورتحال کا جائزہ لیں گے۔

اس دوران فوج کی چنارکور کے جی او سی اور دیگر سینئر کمانڈر فوجی سربراہ کو بریفنگ دیں گے۔

پنچایت دِوس

ملک میں آج قومی پنچایتی راج کا دن منایا جارہا ہے۔ ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی اس دن کی مناسبت سے گرام سبھاؤں اور دیگرپروگراموں کا انعقاد کیاگیاجن میں دیہی علاقوں کے معاملات کو حل کرنے میں پنچایتوں کے رول پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی۔

اس دن کی افادیت کے حوالے سے جموں کشمیر میں پنچایتی راج محکمے کے ڈائریکٹر شام لعل نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ٹیکہ کاری

آج سے پوری دنیا مینٹیکہ کاری کا ہفتہ شروع ہوا۔ عالمی صحت تنظیم کے اہتمام سے یہ مہم 30اپریل تک جاری رہے گی ۔

اس دن کی مناسبت سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگرمیں کیمونٹی میڈسن شعبے کے پروفیسر اور سربراہ ڈاکٹر ایس ایم سلیم خان نے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38ڈگریجبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22اعشاریہ3ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر48 منٹ اور

غروب آفتاب شام7بجکر10منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

...............................................

.................................

.................

.........